جناب شفیق الدین فاروقی

دار العلوم کے شب و روز

<u>حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی بعض اہم مصروفیات</u> : ۲۵ رفروری کو جامعہ نعیمیہ لاہور میں اتحاد تنظیمات مدارس کے کنونشن میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق نے شرکت فرما کر مدلل اور بھرپور خطاب فرمایا' مدارس کے مسئلہ کے علاوہ توہین رسالت ؐ کے شرمناک اقدامات کے مقاصد مذمومہ کو بے نقاب کیا۔

<u>نیپالاہور میں شرکاء کورس سے خطاب</u>: ۸ رمارچ کو بعد از نماز ظہر لاہور میں حکومت کے اعلیٰ افسران کے تربیتی کورس ادارہ نیپا میں شرکاء کورس کو دہشت گردی کے موضوع پر ایک گھنٹہ مدلل و موثر لیکچر دیا' تقریب کے دوسرے مہمان مقرر سابق وزیر داخلہ جنرل معین الدین حیدر تھے' انہوں نے مولانا مدظلہ کے خطاب کے بعد اپنے خیالات پیش کئے جوژولیدگی افکار اور پراگندہ خیالات کا شاہکار تھا جس کا مولانا مدظلہ نے سوالات و جوابات کے وقفہ میں بھرپور تعاقب کیا الحمدللہ شرکاء کورس مولانا مدظلہ کے خیالات سے بے حد مطمئن ہوئے۔

<u>حضرت مولانا مدظلہ کی وزیر اعظم پاکستان سے وزیرستان کے حالات پر اہم ملاقات</u>: ۱۲ رمارچ کو 6:00 بجے شام وزیر اعظم ہاؤس میں وزیر اعظم پاکستان سے حضرت مولانا مدظلہ کی ملاقات ہوئی جس میں مولانا مدظلہ نے وزیرستان کے تشویشناک حالات پر اپنی تشویش سے آگاہ کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر عسکری آپریشن بند کر کے مذاکرات کی اہمیت پر توجہ دلائی اور واضح کیا کہ یہ راستہ مسئلہ کا حل نہیں تباہی ہے اور دشمن کی جنگ ہمیں اپنی سرزمین میں نہیں لڑنی چاہیے' ملاقات میں توہین رسالت کے موضوع پر دونوں کے درمیان تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر اعظم نے اپنے حالیہ دورہ برطانیہ میں اس سلسلہ میں کئے گئے اقدامات کے بارے میں بتایا۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے انہیں اس مسئلے کے مستقل حل کے لئے حکومتی اور بین الاقوامی سطح پر تجاویز سے آگاہ کیا' ملاقات میں مولانا حامد الحق حقانی ایم این اے' جناب اکرام اللہ شاہد سابق ڈپٹی سپیکر سرحد اسمبلی مولانا سید یوسف شاہ صاحب' مولانا راشد الحق ایڈیٹر الحق اور جناب شفیق فاروقی معاون خصوصی مولانا مدظلہ بھی شریک تھے۔

<u>نئے دار المدرسین کی سنگ بنیاد</u>: دار العلوم میں اساتذہ و عملہ کی رہائش گاہوں کی قلت سے شدید دشواریاں ہیں۔ ۷ رمارچ ۲۰۰۶ء بروز منگل کو ایوان شریعت کے عقبی میدان میں دار المدرسین کا سنگ بنیاد حضرت مہتمم صاحب اور دیگر اساتذہ کرام سے رکھوایا گیا۔ یہ عمارت چار منزلہ اور سولہ مکانات (فلیٹ لاجز) پر مشتمل ہوگی۔ اہل خیر سے تعاون اور دعاؤں کی اپیل ہے۔ اس موقع پر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب' شیخ الحدیث حضرت مولانا